**Fazil / Tausif**

**21-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین آزادانہ تجارت کا تاریخی سمجھوتہ کرنے کے قریب پہنچ گئے ہیں، جس سے عالمی کامرس اور سپلائی نظام کو نئی جہت مل سکتی ہے۔

2- انتخابی کمیشن نے اُن ریاستوں میں مزید **22** چناؤ مشاہدین متعین کیے ہیں، جہاں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظر ثانی کا عمل جاری ہے۔

3- **BJP** نے کیرالہ میں ہونے والے آسمبلی انتخابات کیلئے ونود تاوڑے کو پارٹی امور کا انچارج مقرر کیا ہے۔

4- سرکار نے، موٹر گاڑیوں سے متعلق مرکزی ضابطوں میں ترمیم کی ہے تا کہ استعمال کرنے والوں کیلئے فیس کی ادائیگی پر عمل درآمد کو مستحکم بنایا جا سکے۔

5- کاماکھیا اور ہاوڑہ کے درمیان وندے بھارت سلیپر ٹرین شروع ہونے پر مسافروں نے بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا ہے۔ کچھ ہی گھنٹے میں سبھی ٹکٹ فروخت ہو گئے۔

6- اور سنتوش ٹرافی فٹبال چیمپئن شپ آج آسام میں شروع ہو رہی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

India EU FTA

یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین آزادانہ تجارت کا تاریخی سمجھوتہ کرنے کے قریب ہیں، جس سے عالمی کامرس اور سپلائی نظام کو نئی جہت مل سکتی ہے۔ **Davos** میں عالمی اقتصادی فورم میں عالمی رہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے یوروپی کمیشن کی صدر نے مجوزہ تجارتی سمجھوتے کو سب سے اہم معاہدہ قرار دیا۔ محترمہ **Von der Leyen** نے کہا کہ یوروپی یونین نے دنیا کے بڑی ترقی والے مراکز کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنا کر اپنی معیشت کو جوکھم سے دور رکھنے اور سپلائی نظام کو متنوع بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Aashish**

یوروپی کمیشن کی صدر نے کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ یوروپ کی وسیع تر حکمتِ عملی کا حصہ ہے، جس کا مقصد محصولات کے مقابلے منصفانہ تجارت، الگ تھلگ رہنے کے بجائے ساجھے داری اور استحصال کے بجائے پائیدار نظام قائم کرنا ہے۔ محترمہ Von der Leyen نے کہا کہ مذکورہ سمجھوتے سے تقریباً 2 ارب افراد کا ایک مشترکہ مارکیٹ پیدا ہوگا اور یہ عالمی GDP کے لگ بھگ ایک چوتھائی کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والے خطّوں میں سے ایک میں یوروپی کمپنیوں کو پہلے قدم رکھنے کا فائدہ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس حکمتِ عملی میں بھارت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے بھارت-بحرالکاہل خطّے کو اس صدی کا ایک اقتصادی پاور ہاؤس قرار دیا۔

یوروپی کمیشن کی صدر نے کہا کہ Davos میں عالمی اقتصادی فورم کی میٹنگ کے بعد وہ بھارت کا دورہ کریں گی۔ محترمہ Von der Leyen اور یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa اس مہینے کی 25 تاریخ سے 27 تاریخ تک بھارت کے سرکاری دورے پر رہیں گے اور یہ دونوں رہنماء یومِ جمہوریہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ اس کے بعد وہ بھارت-یوروپی یونین سربراہ میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

دلّی سے آشیش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

<u>Vaishnaw Semiconductor</u>

الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت ایک مکمل سیمی کنڈکٹر ایکو نظام قائم کر رہا ہے، جس میں ڈیزائن، Fabrication، پیکیجنگ، ساز و سامان اور گیس وغیرہ شامل ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ویشنو نے کہا کہ عالمی صنعت بھارت کو اب اور زیادہ قابلِ بھروسہ سپلائی نظام کے ساجھے دار کے طور پر دیکھ رہی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ گوگل بھارت کے AI ایکو نظام کے تئیں اپنے عہد کو مستحکم بنا رہا ہے، جس میں وشاکھاپٹنم، آندھراپردیش میں 15 ارب ڈالر مالیت کا AI ڈیٹا سینٹر اور بھارتی اسٹارٹ اَپ اداروں کے ساتھ ساجھے داری شامل ہے۔×

<u>Vaishnaw Davos</u>

الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت معیشت کے ہر شعبے میں مصنوعی ذہانت کے منصوبہ بند فروغ پر توجہ مرکوز کر رہا ہے۔ انہوں نے Davos میں عالمی اقتصادی فورم میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ AI کے استعمال کو بڑھانے میں سب سے بڑی دشواری GPU یعنی گرافکس پروسیسنگ یونٹس کی دستیابی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ سرکار کی مدد کے ساتھ پبلک پرائیویٹ ساجھے داری کے ذریعے اس چیلنج کو دور کرنے پر کام ہو رہا ہے۔×

EC Observers

انتخابی کمیشن نے اُن ریاستوں میں مزید 22 چناؤ مشاہدین متعین کیے ہیں، جہاں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظر ثانی کا عمل جاری ہے۔ اِن میں سے 11 مشاہدین مغربی بنگال میں متعین کیے گئے ہیں۔ اس طرح ریاست میں ووٹر فہرستوں کے تعلق سے مقرر کیے جانے والے مشاہدین کی تعداد مجموعی طور پر 20 ہوگئی ہے۔ یہ مشاہدین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کسی بھی اہل ووٹر کا نام فہرست سے باہر نہ ہو اور کسی بھی ایسے شخص کا نام اس میں شامل نہ ہو، جو اس کا اہل نہیں ہے۔×

ECI - Three Day Conference

انتخابی کمیشن، آج سے نئی دلّی میں جمہوریت اور چناؤ بندوبست سے متعلق انڈیا انٹرنیشنل کانفرنس کی میزبانی کرے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ تین روزہ کانفرنس اپنی نوعیت کی سب سے بڑی عالمی کانفرنس ہوگی، جس کا انعقاد جمہوریت اور انتخابی بندوبست کے میدان میں بھارت کی طرف سے کیا جارہا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے .................

**VC - Saklen Akhtar**

*امید ہے کہ دنیا بھر کے 70 سے زیادہ ملکوں کی نمائندگی کرنے والے تقریباً 100 بین الاقوامی مندوبین اِس تین روزہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اِس کانفرنس میں بین الاقوامی تنظیموں، بھارت میں قائم غیر ملکی مشنوں کے نمائندے، تعلیمی دانشور اور چناؤ بندوبست کے شعبے کے ماہرین بھی شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں کمیشن، دنیا کو انتخابات کو درپیش مشترکہ چیلنجوں پر مذاکرات اور تعاون میں گہرائی لانے کے مقصد سے چناؤ بندوبست کے مختلف اداروں کے ساتھ 40 دو طرفہ میٹنگس کا انعقاد کرے گا۔ اِس کے علاوہ موضوعاتی اجلاس میں اہم عالمی انتخابی معاملات، انتخابات سے متعلق بین الاقوامی معیارات کے ماڈل اور انتخابی عمل میں اختراعات اور بہترین طور طریقوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔*

*کانفرنس کے ساتھ ساتھ ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا، جس میں بھارت میں انتخابات کرانے کی سطح اور پیچیدگی کو نمایاں کیا جائے گا۔*

*ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .................*

Nabin Kerala Election

BJP کے صدر نتن نبین نے کیرالہ میں ہونے والے آسمبلی انتخابات کیلئے ونود تاوڑے کو پارٹی کا چناؤ امور کا انچارج، جبکہ شوبھا کرند لاجے کو ساتھی انچارج مقرر کیا ہے۔

جناب نبین نے تلنگانہ میں ہونے والے میونسپل اور کارپوریشن انتخابات کیلئے آشیش Shelar کو پارٹی کا چناؤ امور کا

انچارج، جبکہ اشوک پرنامی اور ریکھا شرما کو ساتھی انچارج بھی مقرر کیا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Center - Motor Vehicles

مرکز نے موٹر گاڑیوں کے مرکزی ضابطوں کی دوسری ترمیم 2026 کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اِس ترمیم کا مقصد، قومی شاہراہوں پر واقع ٹول پلازا پر صارف فیس کی ادائیگی کے نظام میں بہتری لانا ہے۔ یہ ترامیم صارف فیس کی ادائیگی کے طریقے میں بہتری لانے، الیکٹرانک ٹول وصولیابی کی استعداد میں اضافے اور قومی شاہراہوں پر صارف فیس کی چوری کی حوصلہ شکنی کرنے کیلئے کی گئی ہے۔

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے کہا کہ اِن ترامیم سے NHAI کو مدد ملے گی کہ وہ پورے ملک میں قومی شاہراہوں کے نیٹورک میں لگاتار بہتری لاتے رہیں اور دیکھ بھال کے شفاف اور ٹیکنالوجی کے نظام کو مستحکم بنائیں۔

شقوں کے مطابق، ملکیت کی منتقلی یا ایک ریاست سے دوسری ریاست میں گاڑی کی منتقلی کیلئے NOC اُس وقت تک جاری نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ صارف فیس، جو ادا نہ کی گئی ہو، اُسے ادا نہ کردیا جائے۔

اِس کے علاوہ، جو کمرشل گاڑیاں قومی پرمٹ حاصل کرنا چاہتی ہیں، اُن کیلئے اِن ترمیم شدہ ضابطوں کی رُو سے لازمی ہوجاتا ہے کہ وہ ایسا نہ کریں کہ انہوں نے صارف فیس کی ادائیگی نہ کی ہو۔×

Vande Bharat Sleeper Ticket

گوہاٹی میں، کاماکھیا اور کولکاتہ میں ہاؤڑہ کے درمیان وندے بھارت سلیپر ٹرین شروع ہونے پر مسافروں نے بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا ہے۔ ریلوے کی وزارت نے بتایا ہے کہ ٹکٹ ریزرویشن کا سلسلہ شروع ہونے کے کچھ ہی گھنٹے میں سبھی ٹکٹ فروخت ہو گئے۔ اس سے وندے بھارت سلیپر کے تیز رفتار، آرام دہ سفر اور جدید سہولیات کے تعلق سے مسافروں کی گہری دلچسپی کا اظہار ہوتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے گزشتہ ہفتے اس ٹرین کا افتتاح کیا تھا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ کاماکھیا سے مذکورہ ٹرین کا پہلا کمرشیل سفر کل سے، جبکہ ہاؤڑہ سے جمعے کو شروع ہوگا۔×

PM Pragati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر

اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امداد، باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کی تلقین کو فروغ دیتا ہے۔ آج اس خصوصی سیریز میں ہم کوئلے کی وزارت سے متعلق پروجیکٹوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Dipendra**

*کوئلے کی وزارت نے کوئلہ کانکنی کے پروجیکٹوں اور متعلقہ بنیادی ڈھانچے سمیت کوئلے کے سیکٹر سے متعلق بہت سے اقدامات کو آسان بنایا ہے۔ اِن اقدامات کا مقصد بجلی کی پیداوار کی ضروریات کو پورا کرنے اور ریلوے جیسے اہم شعبوں کے لیے کوئلے کی دستیابی کو یقینی بنانا ہے۔ کوئلہ سیکٹر کے 122 پروجیکٹوں پر مشتمل PRAGATI پر مبنی ایکو نظام کے تحت فی الحال تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی کُل سرمایہ کاری کے ساتھ 134 پروجیکٹوں کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ اِن میں سے ایک لاکھ 19 ہزار کروڑ روپے مالیت کے 16 اہم پروجیکٹوں کا PRAGATI کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے جائزہ لیا گیا ہے۔*

*اِن میں سے 5 پروجیکٹ پہلے ہی شروع کیے جا چکے ہیں اور 11 پروجیکٹ زیر نفاذ ہیں۔*

*نئی دلّی سے دیپندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

Santosh Trophy

سنتوش ٹرافی کیلئے 79 ویں نیشنل فٹبال چیمپئن شپ آج آسام میں شروع ہورہی ہے۔ ٹورنامنٹ میں کُل 12 ٹیمیں حصہ لیں گی، جنہیں دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر گروپ میں چھ-چھ ٹیمیں ہوں گی۔ گروپ-A میں مغربی بنگال، میزبان آسام، ناگالینڈ، راجستھان، اتراکھنڈ اور تمل ناڈو شامل ہیں، جبکہ گروپ-B میں ریلویز، سروسز پچھلے سال کی رَنرز اَپ کیرالہ، پنجاب، میگھالیہ اور اُڈیشہ شامل ہیں۔ چوٹی کی چار ٹیمیں ناک آؤٹ کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچیں گی، جو اگلے ماہ کی 2 اور 3 تاریخ کو شروع ہوگا۔ دونوں سیمی فائنل میچ 5 فروری کو کھیلے جائیں گے اور فائنل 8 فروری کو ہوگا۔×

Cricket - IND vs NZ - T20

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان، 5 میچوں کی ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی سیریز آج سے شروع ہورہی ہے۔ سیریز کا پہلا میچ ناگپور میں Vidarbha کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ یہ سُریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم کیلئے اہم ٹی-ٹوئنٹی سیریز ہوگی۔ ساتھ ہی آئندہ مہینے شروع ہونے والے مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں بھی یہ اہم سیریز ثابت ہوگی۔×

Football - Women's Coach

آل انڈیا فٹبال فیڈریشن نے Amelia Valverde کو بھارتی خواتین کی سینئر فٹبال ٹیم کا کوچ مقرر کیا ہے۔ 39 سالہ Amelia Valverde، ترکیہ کے Antalya میں بھارتی کیمپ میں شامل ہوگئی ہیں۔ اِن کا تعلق Costa Rica سے ہے، جہاں بھارتی فٹبال ٹیم آسٹریلیا میں خواتین کے AFC ایشین کپ 2026 کیلئے تیاریاں کررہی ہیں، جو مارچ میں شروع ہوگا۔

سابق فٹبال کھلاڑی Amelia Valverde، جنہوں نے 2011 میں کوچ کی حیثیت سے اپنا کیریر شروع کیا تھا، Costa Rica کی خواتین کی فٹبال ٹیم کی تاریخ میں خدمت انجام دینے والی سب سے پُرانی کوچ ہیں۔ وہ 28 سال کی عمر میں 2015 کے عالمی کپ میں دوسری سب سے نوجوان ہیڈ کوچ بھی تھیں۔

اِس سے پہلے، وہ 2014 کے فیفا انڈر-20 خواتین کے ورلڈ کپ سمیت Costa Rica کی سینئر اور انڈر-20 خواتین کی ٹیموں کی اسسٹنٹ کوچ بھی تھیں۔×

IMD

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج ہریانہ، پنجاب اور چندی گڑھ میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے، جبکہ ہماچل پردیش میں سرد لہر کے حالات رہیں گے۔

محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ میں شدید سردی کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے اگلے 4 دن کے دوران، مہاراشٹر میں 2 سے 4 ڈگری سیلسیس تک کم سے کم درجۂ حرارت میں بتدریج اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حسین اختر

شکریہ - اسلم

دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں روزنامہ پرتاپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ٹکنالوجی کا شعبہ روزگار کا بڑا ذریعہ ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ ویزر اعظم مودی نے ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ کا ایک مضمون ساجھا کیا ہے، جس میں بھارت کے ٹیکسٹائل شعبے کے ایک وراثت والی صنعت سے ایک طاقتور و روزگار پیدا کرنے والے اور عوام پر مرکوز ترقی کے انجن کے عروج کا خاکہ پیش کیا گیا ہے، جو آتم نربھر بھارت کے حقیقی جذبے کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی اخبار نے صفحۂ اوّل پر اس خبر کو بھی نمایاں کیا ہے کہ BJP کے نئے صدر نتن نبین نے کمان سنبھال لی ہے، پارٹی کو آگے بڑھانے کا عزم۔

اسی اخبار نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاعدہ ہونے کی خبر کو شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ ڈنمارک نے گرین لینڈ میں مزید فوجی تعینات کیے ہیں۔

اسی اخبار کی ایک خبر کے مطابق دلّی این سی آر میں گریپ 4 کی پابندیاں ہٹا لی گئیں۔ ہوا کے معیار میں بہتری کے بعد ایئر کوالٹی مینجمنٹ کمیشن کا فیصلہ۔

یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں مالدیپ کے کیڈٹ شامل ہوں گے اس خبر کو بھی روزنامہ پرتاپ نے صفحہ اوّل پر شائع کیا ہے۔

کھیلوں کے صفحہ پر انقلاب نے اس خبر کو نمایاں کیا ہے کہ سوریہ کماری یادو کی قیادت میں ٹیم انڈیا کی قسمت چمکنے کی امید اور بھارت کا دورہ کرنے سے بنگلہ دیش کا صاف انکار۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین آزادانہ تجارت کا تاریخی سمجھوتہ کرنے کے قریب پہنچ گئے ہیں، جس سے عالمی کامرس اور سپلائی نظام کو نئی جہت مل سکتی ہے۔

2- انتخابی کمیشن نے اُن ریاستوں میں مزید 22 چناؤ مشاہدین متعین کیے ہیں، جہاں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظر ثانی کا عمل جاری ہے۔

3- BJP نے کیرالہ میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے ونود تاوڑے کو پارٹی امور کا انچارج مقرر کیا ہے۔

4- سرکار نے، موٹر گاڑیوں سے متعلق مرکزی ضابطوں میں ترمیم کی ہے تاکہ استعمال کرنے والوں کیلئے فیس کی ادائیگی پر عمل درآمد کو مستحکم بنایا جا سکے۔

5- کاماکھیا اور ہاوڑہ کے درمیان وندے بھارت سلیپر ٹرین شروع ہونے پر مسافروں نے بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا ہے۔ کچھ ہی گھنٹے میں سبھی ٹکٹ فروخت ہو گئے۔

6- اور سنتوش ٹرافی فٹبال چیمپئن شپ آج آسام میں شروع ہو رہی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------